Hampshire Services
SFYC PROFESSIONAL OPTIC

# ہوشیار
# تیار
# اسکول!

**کیا آپ کا بچہ جلد ہی اسکول جانا شروع کرنے والا ہے؟ کیا وہ تیار ہے؟ کیا آپ تیار ہیں؟**



ایک مشورہ جس کی مدد سے آپ اپنے بچے میں اعتماد پیدا کرسکتے ہیں تاکہ وہ پورے جوش و جذبے کے ساتھ سیکھنے کے لیے پُرتجسس اور تیار ہو۔

Hampshire County Council

**hants.gov.uk**

## لطف اٹھانے کے 10 اعلیٰ ترین کام قبل اس کے کہ آپ کا بچہ اسکول جانا شروع کرے

جب بھی آپ ان میں سے کسی بھی سرگرمی کا لطف اٹھائیں تو سامنے موجود چہرے میں رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| ہر ہفتے ایک نیا گیت یا نرسری کی نظم سیکھیں | |
| روزانہ ایک کتاب دوسروں کے ساتھ مل کر پڑھیں | |
| باقاعدگی سے لائبریری جائیں اور گھر لے جانے کے لیے کتابیں منتخب کریں | |
| خالی ڈبوں سے کھیلیں - آپ کا تخیل آپ کو کہاں لے جاتا ہے؟ | |
| اُن چیزوں کی تصاویر بنائیں جنہیں آپ نے ساتھ مل کر انجام دینے میں لطف اٹھایا | |
| فطری حسن کے مقام پر چہل قدمی کریں - آپ کیا کچھ دیکھ، سن، چھو اور سونگھ سکتے ہیں؟ | |
| اپنے مقامی پارک کی سیر کریں - آپ ساتھ مل کر کونسی نئی چیز دیکھیں گے؟ | |
| آئی اسپائے کا کھیل کھیلیں - آپ کونسے رنگ، اعداد اور حروف دیکھ سکتے ہیں؟ | |
| پرانے اور نئے دوستوں کے ساتھ مل کر کھیل کا لطف اٹھائیں | |
| ایک تھیلی یا شیشی میں چیزیں جمع کریں اور انہیں بار بار گننے کی سرگرمی اپنائیں | |

آپ کو اس کے علاوہ ساتھ مل کر کیا کرنا پسند ہے؟

آپ کے بچے کو اسکول شروع کرنے سے پہلے پڑھنے، لکھنے یا جمع تفریق سیکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ بچے مختلف تجربات کے ساتھ اسکول کا آغاز کرتے ہیں اور ان کے اساتذہ ان کے انفرادی نقطۂ آغاز سے انہیں لے کر چلنے میں مہارت کے حامل ہوں گے۔

## کارآمد ویب سائٹس

روزمرہ کی عمدہ عادتیں اپنانے میں مدد کے لیے
booktrust.org.uk/bath-book-bed

بیت الخلاء کے استعمال کی تربیتی معلومات کے لیے
eric.org.uk

ابتدائی برسوں کی بنیاد کا مرحلہ (EYFS) اور بچے کی نشوونما پر معلومات کے لیے
foundationyears.org.uk



ہمپشائر داخلوں پر مشاورت کے لیے
hants.gov.uk/admissions

صحت مند طرزِ زندگی پر معلومات کے لیے
nhs.uk/change4life

نرسری کی نظموں اور گیتوں کے لیے
wordsforlife.org.uk/songs
bbc.co.uk/cbeebies/curations/nursery-rhymes

مقامی لائبریریوں پر معلومات کے لیے
gov.uk/local-library-services

ہمپشائر میں نگہداشتِ اطفال اور ابتدائی برسوں پر معلومات کے لیے
hants.gov.uk/socialcareandhealth/childrenandfamilies

ابتدائی برسوں میں دو زبانوں کے استعمال پر مشاورت کے لیے
literacytrust.org.uk/resources/ understanding-bilingualism-early-years

بعض بچوں کو اسکول کے آغاز کی تیاری کے لیے اضافی معاونت کی ضرورت ہوسکتی ہے۔ اگر آپ کے بچے کی اضافی ضروریات ہوں اور آپ اس حوالے سے فکرمند ہوں تو براہِ کرم اپنے بچے کے ادارے سے رابطہ کریں اور مزید معلومات کے لیے fish.hants.gov.uk ملاحظہ کریں۔

یہ کتابچہ چھوٹے بچوں کی مشاورتی ٹیم کے لیے خدمات کی جانب سے ہمپشائر اسکولز، پری اسکولز، بچوں کے نگران اور والدین کی مشاورت سے تیار کیا گیا ہے - فروری 2019

## ایک تیار اسکول

- ہر بچے کے لیے ایک بنیادی فرد کو مقرر کریں اور ہر فیملی کو آگاہ کردیں کہ یہ کردار ان کے اور ان کے بچے کے لیے کیا معنی رکھے گا
- فیملیز کے ساتھ بچوں کی نشوونما اور سیکھنے میں مدد کے حوالے سے تجاویز کا تبادلہ کرتے ہوئے، آزادانہ اور اعتماد کا حامل تعلق قائم کریں
- ایک اعلیٰ معیار کا کھیل پر مبنی ماحول فراہم کریں جوکہ محفوظ، خطرات سے پاک اور ہم آہنگی کا حامل ہو اور جہاں تمام بچے فروغ پاسکیں
- فیملیز سے ملاقات کے مواقع تلاش کریں اور ہر منفرد بچے کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کریں
- تمام اداروں کے ساتھ مضبوط رابطے اور ہم آہنگی پیدا کریں، تاکہ تمام بچوں کی باسہولت منتقلی میں مدد دے کر ان کی موزوں نگہداشت کو لازماً جاری رکھا جاسکے
- چیلنج سے نمٹنے کا موقع فراہم کرکے، ثابت قدمی کو فروغ دے کر اور عزائم کو بلند تر کرتے ہوئے ہر بچے کے لیے بلند توقعات کا اظہار کریں
- تمام بچوں کو جوش، وابستگی اور ذوق و شوق کا حامل بنائیں اور انہیں سیکھنے کا اعتماد دے کر فیصلہ سازی کا موقع دیں
- بچوں کو نئے دوست بنانے اور سماجی صلاحیتیں پیدا کرنے کے لیے مدد دیں اور حوصلہ افزائی کریں
- انفرادی بچوں کی پیش رفت کی نگرانی کریں اور اگلے مراحل کا اشتراک کریں
- ساتھ مل کر سیکھنے اور پورا سال مزے کرنے کا لطف اٹھائیں



## ایک تیار فیملی

- اپنے بچے کے ساتھ کھیلتے ہوئے وقت گزاریں۔ فعال رہنے اور نئی نئی چیزیں دریافت کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں؛ نئی نئی چیزیں جاننے کی خوشی کا ساتھ مل کر لطف اٹھائیں
- بچوں کو اپنی ضروریات، احساسات اور جذبات کے اظہار کا حوصلہ دیں۔ اگر آپ کا بچہ پریشان نظر آئے تو ان چیزوں پر توجہ مرکوز کرنے کی کوشش کریں جو اسے سب سے زیادہ پسند ہوں
- اپنے بچے سے ان کے دلچسپی کی حامل چیزوں پر بات کرنے کے لیے وقت نکالیں
- اپنی مدد آپ کی صلاحیتوں پر حوصلہ افزائی کریں (کپڑے پہننا؛ چاقو، کانٹا اور چمچ کا استعمال کرنا؛ بیت الخلاء جانا؛ دن میں دو مرتبہ دانت برش کرنا)
- گھل مل کر رہنے اور اپنے کیے گئے کاموں پر بات کرنے میں لطف اٹھائیں، اپنی کامیابیوں پر خوشی منانا
- اپنے بچے کی دوسروں کے ساتھ گھلنے ملنے اور ساتھ کھیلنے پر حوصلہ افزائی کرنا
- اپنے بچے کو پُرسکون رہنے، آرام کرنے اور کھیلنے کا وقت دینا (تجزیے کا وقت کم کر دیں)
- اپنے بچے کے سونے جاگنے اور فیملی کے ساتھ کھانا کھانے کے لیے روزمرہ کے واضح اور مستقل نظام الاوقات بنائیں اور برقرار رکھیں
- اس پر بات کریں کہ ہم سب کوشش اور مشق سے کیسے اپنے کاموں میں بہتر ہوسکتے ہیں، اور کام غلط ہونے کے باوجود کوشش جاری رکھنے کی اہمیت پر بھی بات کریں - ثابت قدم رہیں!
- اپنے بچے کو سبقت دکھانے اور اپنی پسند کے انتخاب کرنے کے مواقع فراہم کریں

## ایک تیار بچہ



میں ہوں...

- سیکھنے کے حوالے سے جوش، جذبے، تجسس اور اعتماد کا/کی حامل
- اپنی دلچسپی کی چیزوں پر بات کرنے پر خوش
- ہر روز چاق و چوبند
- اپنے لیے کشش کی باعث کسی بھی چیز پر توجہ رکھنے اور کسی سرگرمی پر مختصر وقت کے لیے دھیان برقرار رکھنے کا/کی اہل
- اپنے خیالات، تجاویز اور ضروریات بیان کرنے اور مختصر دورانیوں کے لیے سننے کا/کی اہل
- ہمت سے کام لینے اور چیزوں میں مشکلات کے باوجود کوشش جاری رکھنے کے لیے پُرعزم
- بے شمار سرگرمیوں میں دلچسپی اور بعض عمدہ صلاحیتوں اور علم کا/کی حامل
- انتخاب کے سادہ فیصلے کرنے کا/کی اہل
- نئے تجربات سے وابستہ ہوتے ہوئے اور تجرباتی و مشقی طریقے سے سیکھتے ہوئے اپنے سیکھنے کے عمل میں خطرات مول لینے کے لیے تیار
- دوسروں کی ضروریات کو قبول کرنے کا آغاز کر رہا/رہی ہوں اور بعض اوقات مدد کے ساتھ وسائل کے لیے باری لے سکتا/سکتی ہوں اور ان کا اشتراک کرسکتا/سکتی ہوں